محترمہ مہر تاج روغانی (ڈپٹی سپیکر): جی تھینک یو ویری مچ مسٹر سپیکر۔ جیسے انیسہ بی بی کہہ رہی ہیں، ہم ڈیپارٹمنٹ کی آسانی کیلئے کہہ رہے ہیں، It will become difficult for you Mushtaq Ghani Sahib کہ آپ نے کہا کہ The اور Is اور Was یہ غلط ہیں نہیں، اس کے علاوہ بھی بہت چیزیں ابھی آپ نے پڑھی ہیں، I wish کہ یہ امنڈمنٹس پہلے آ جاتیں We should have read it اور اب جیسے آپ کہتے ہیں سنیارٹی، دیکھیں سنیارٹی بہت مشکل چیز ہے، آپ نے بھی سروس کی ہے، میں نے بھی کی ہے، This is seniority cun fitness، اس میں آپ کے ڈیپارٹمنٹ کیلئے بہت پرابلمز آئیں گے، I wish کہ یہ بات آپ پہلے کہہ دیتے، یہ صرف Is, was اور اس کی غلطی نہیں ہے، انہوں نے ان الفاظ میں بہت کچھ کہہ دیا۔

جناب سپیکر: جی، چلو میں ایک منٹ میں چونکہ وہ تھوڑا وہ کرنا چاہتے ہیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی عظمیٰ۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر! مشتاق غنی صاحب کی Statement-----

جناب سپیکر: جی عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر! وہ نوٹیفکیشن کی بات کر رہے تھے۔

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: جی، میڈم! آپ پلیز دو منٹ میں اپنی بات Conclude کر لیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر! مشتاق غنی صاحب کی بات کے دو مطلب ہو سکتے ہیں، ایک جو انیسہ میڈم نے لیا کہ اس بل کے بعد جب نوٹیفیکیشن ہو گا تب سے سنیارٹی کاؤنٹ ہو گی۔ ایک جو میں نے Understand کیا مشتاق غنی صاحب نے کہا کہ جن کا پہلا نوٹیفیکیشن یا دوسرا، کیونکہ یہ جو ٹیچنگ اسسٹنٹس ہیں، دو تین Steps میں اپوائنٹمنٹس ان کی ہوئی ہیں تو May be جو Step one میں آئے ہیں، وہ Most senior ہوں گے، جو Step two میں آئے ہیں، وہ اس کے بعد ہوں گے، جو Step three میں ہیں، وہ اس کے بعد سینیئر کاؤنٹ ہوں گے۔ اب مشتاق غنی صاحب بہتر بتا سکتے ہیں کہ ان دو مطلبوں میں ان کا کونسا مطلب ہے؟

جناب سپیکر: جی مشتاق صاحب!

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: سپیکر صاحب! پبلک سروس کمیشن سے بھی لیکچررز آنا شروع ہو گئے ہیں اور ڈھائی تین سو لیکچررز انہی دنوں میں ہمارے پاس آ چکے ہیں۔ اب ان کا نوٹیفیکیشن تو ظاہر ہے اب پہلے ہو گیا ہے، ان کا اب ہو گا، ایکٹ کے بعد ہو گا۔ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے اور پھر یہ جو ہمارے پاس Already staff موجود ہے، اگر ان کی سنیارٹی ان کے ساتھ Clash کر گئی، یہ ایک اور نیا ابہام پیدا ہو جائے گا Within the Service of Lecturers because جب ان کو اپوائنٹ کیا گیا تھا As a Teaching Assistants تو یہ آئیڈیا نہیں تھا کہ At some stage they will be regularized لیکن بعد میں یہ ہم سب کا Consensus ہوا کہ ہم ان کو ریگولرائز کرتے ہیں اور ان کی پرفارمنس بھی بہت بہتر رہی ہے پورے صوبے کے اندر اور ان کی اپوائنٹمنٹ بھی بالکل پبلک سروس کمیشن کے طریقہ کار کے مطابق ہمارے ڈیپارٹمنٹ نے کی تھی اور ایک نمبر کی بھی ان کو رعایت Even interview کا بھی، وہاں پر تو پھر بھی انٹرویو کے مارکس ہوتے ہیں، ہم نے تو وہ بھی اس ڈیپارٹمنٹ نے نہیں رکھے تھے تاکہ Totally transparent, so چیز ہو گئی، آج ہم ان کو ریگولرائز کر رہے ہیں،

Within the department, among the اب اس کے بعد ایک نئی لڑائی کھڑی ہو جائے گی lecturers seniority, so اس کو ہم نے کل رات نو ساڑھے نو بجے تک ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے اندر اس کے اوپر میٹنگ ہوتی رہی اور سارے ایکسپرٹ لوگ اس میں موجود تھے۔ میری اس ایوان سے یہ گزارش ہے کہ چونکہ بڑے عرصے بعد یہ اتنا خوش گوار دن آیا ہے اور یہ ٹیچنگ اسسٹنٹس آج چونکہ ان کے چہروں پر بڑی مسکراہٹ ہے، خوشی ہے، یہ ہم سب کی بڑی کامیابی ہے، ان کی اپنی بڑی Efforts ہیں تو ہمیں اس کو پاس کر لینا چاہیئے اور اگر کوئی امنڈمنٹ لانا چاہتا ہے تو بعد میں لے آئیں، ہم اس کو دیکھ لیں گے، یہ تو کسی وقت بھی لائی جا سکتی ہے-----

<u>جناب سپیکر</u>: ٹھیک ہے جی۔

<u>مشیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: لیکن اس کو تھرو کر دیں تاکہ وہ خوشی سے اپنے گھروں کو جا سکیں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: معراج ہمایون ہے، محمود جان۔

<u>مشیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: اس کو امنڈمنٹ کیلئے Stress نہ کریں پلیز۔

<u>جناب سپیکر</u>: By number, by number آپ پیش کریں تاکہ میں بس فائنل کروں۔ Madam Meraj! Please. 'Passage Stage', Madam! 'Passage Stage'-----

<u>جناب محمود جان</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: اس کے بعد محمود جان آپ پڑھ لیں گے۔

<u>محترمہ معراج ہمایون خان</u>: تھینک یو ویری مچ۔ سپیکر صاحب! ما بہ ھم دغہ خبرہ کولہ چې Let us regularize them، یہ پاس کر لیتے ہیں، I may be allowed to move-----

<u>جناب سپیکر</u>: پلیز آپ یہ Passage پڑھیں۔

غیر سرکاری مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا ریگولرائزیشن آف سروسز آف ٹیچنگ اسسٹنٹس بطور لیکچررز مجریہ 2017 کا پاس کیا جانا

<u>Ms: Meraj Humayun Khan</u>: I may be allowed to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Services of Teaching Assistants as Lectures Bill, 2017 may be passed.

<u>Mr. Speaker</u>: Mehmood Jan!

Mr. Mehmood Jan: Thank you, Janab Speaker Sahib. I wish to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Services of Teaching Assistants as Lectures Bill, 2017 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Services of Teaching Assistants as Lectures Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Bill is passed.

(Applause)

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب دو باتیں کرنا چاہتے ہیں، اس کے بعد آپ بات کرلیں۔ مشتاق صاحب۔ مشتاق غنی صاحب۔

رسمی کارروائی

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! میں تمام ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اپوزیشن کا، حکومتی بنچز کا کہ ان سب نے Unanimously یہ اتنا Burning issue تھا ہمارے ٹیچنگ اسسٹنٹس کا اور جیسے پہلے میں نے کہا کہ ہمیں بہت زیادہ Satisfaction ہے ان کے Work and Conduct سے اور پورے صوبے میں پچھلے تین چار سال جس طرح انہوں نے کام کیا، انہوں نے گریڈ 20 کے Against بھی ڈیوٹی کی، 19 کے Against بھی کی، 18 کے Against بھی کی، 17 کی کی اور ہماری جتنی Deficiencies تھیں کالجز میں، ان ہمارے Male اور Female ٹیچنگ اسسٹنٹس نے پوری کیں۔ (تالیاں) ہمارا ڈیپارٹمنٹ جناب سپیکر! شروع سے ہی اس حق میں تھا کہ ہم ریگولرائزیشن کردیں ان کی۔ میں آپ کا بھی بڑا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے بھی Out of the way ہو کے بھی ہماری اس میں مدد کی اور رہنمائی کی ہمیشہ اور ہم کوشش کرتے رہے ماضی میں بھی کہ کسی طرح ریگولرائزیشن ان کی ہو جائے، اس میں لاء ڈیپارٹمنٹ اور اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہت بڑے Hurdle تھے، وہ ہم سے نہیں ہو سکتا تھا۔ پھر بہرکیف ہم نے یہ راستہ اپنایا اور اسمبلی کے Route سے ہم آئے اور آج اللہ کا شکر ہے کہ ہم نے 772 جو ہمارے لیکچررز ہیں، یہ ٹیچنگ اسسٹنٹس اب یہ لفظ استعمال نہیں کرنا چاہیئے، یہ خود بھی بڑا خفا ہوتے ہیں کہ ہمیں ٹیچنگ اسسٹنٹس کیوں کہتے ہیں، When they are performing their duties of Lectures, so today onward ان کو ہم لیکچررز کہیں گے اور آج سے وہ لیکچررز ہیں اور مجھے امید ہے کہ ہمارا ڈیپارٹمنٹ جو ہے، (تالیاں) اور آگے بڑھے گا اسی جرات کے ساتھ اور میرا یہ بھی

وعدہ ہے کہ جو فاٹا کے ایڈہاک لیکچررز کا ایشو آپ کے سامنے آیا ہے، اس کو کیبنٹ نے بھی ایک سٹیج پر مسترد کر دیا تھا، میں اس وقت ملک سے باہر تھا۔ میں نے ایک سمری چلائی ہے چیف منسٹر صاحب کو تاکہ کیبنٹ اپنے اس Decision کو واپس لے۔ ان شاء اللہ جب کیبنٹ میں آئے گا تو ہم کوشش کر کے اس Decision کو واپس کروائیں گے اور جو سپریم کورٹ میں کیس کیا ہوا ہے، وہ ہائی کورٹ نے چونکہ ان کے حق میں فیصلہ دیا ہوا ہے تو ہم اس پر ورکنگ اور Expedite کریں گے اور One way or the other ان شاء اللہ ایک دن آئے گا کہ ہم ان کو بھی ریگولرائز کریں گے ان شاء اللہ۔ تھینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: Good۔ سردار حسین صاحب، سردار حسین صاحب، اس کے بعد آپ بات کر لیں گے۔

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! میں آپ کا اور سارے ہاؤس کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ واقعی جس طرح منسٹر صاحب نے کہا کہ آج ہمارے لئے بھی اور جو گیلریز میں منسٹر صاحب نے پابندی بھی لگائی کہ آج سے ہم ان کو لیکچررز کہیں گے تو ان لیکچررز کیلئے بڑی خوشی کا مقام ہے، ہمارے لئے بھی اور مجھے یاد ہے کہ پچھلے دو ڈھائی سال سے پریس کلب کے سامنے ان لوگوں نے دھرنے دیئے۔ اسی طرح اسمبلی کے باہر ان لوگوں نے احتجاجیں کیں اور پتہ نہیں ان لوگوں کو کس نے بتایا کہ بنی گالہ پہنچ جائیں تو آپ لوگوں کا کام ہو جائے گا اور یہ جب بنی گالہ پہنچے تو میرے خیال میں آج ہم سارے بالکل Alert یہاں پر بیٹھے ہیں۔ تو میں ان کو مبارکباد بھی دیتا ہوں اور ساتھ تمام سرکاری ملازمین کو یہ نسخہ بھی دیتا ہوں کہ جن جن سرکاری ملازمین کے مسائل رہتے ہیں، (تالیاں) ان کو وہاں پہنچنا چاہیئے۔ Really جس طرح منسٹر صاحب نے بتایا ہمیں بھی معلومات آتی رہیں کہ کالجز میں ان لوگوں کا جو Role رہا ہے Really appreciable, appreciate کرتے ہیں اور آج سے چونکہ ظاہر ہے انسان کی ضرورتیں ہوتی ہیں، جو جاب سیکورٹی ہے وہ Must ہے اور ہم یہی سمجھتے ہیں کہ آج سے ان لوگوں کو جاب سیکورٹی مل گئی ہے۔ ان لوگوں سے یہی توقع ہے ان شاء اللہ کہ جس طرح ان لوگوں نے پہلے ڈیلیور کیا ہے، آج کے بعد تو بڑی خوشی سے دلجمعی کے ساتھ اپنے صوبے میں تعلیم عام کرنے کیلئے اپنی سروسز جو ہیں وہ ڈیلیور کریں گے۔ آخر میں سپیکر صاحب! آپ کا اور سارے ہاؤس کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دوبارہ ان لوگوں کو مبارکباد دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: منور خان صاحب، ایک منٹ۔ جی، منور خان صاحب، منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ سب سے پہلے مسٹر سپیکر! منسٹر صاحب سے پہلے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جس طریقے سے موجودہ جو لیکچررز بیٹھے ہیں، یہ آپ کی کوشش تھی اور یہ خاصکر میں ان لوگوں کو بھی داد دیتا ہوں کہ انہوں نے کافی عرصہ سے یہ Struggle کی اور آپ نے ان کا ساتھ دیا اور میں منسٹر صاحب کا شکریہ تو یقیناً ادا کروں گا لیکن مسٹر سپیکر! جس طریقے سے ہائر ایجوکیشن نے ان بے چاروں کو رلایا اور بالکل یہ مایوس ہو چکے تھے، ویسے سردار حسین بابک صاحب نے کہا کہ میرے خیال میں ان کو کسی نے مشورہ دیا ہے، اچھا مشورہ دیا ہے کیونکہ مسٹر سپیکر! یہاں پہ آپ کی بات بھی نہیں مانی گئی اور ہائر ایجوکیشن اس پہ طرح طرح کے اس میں وہ ڈال رہے تھے، رکاوٹیں ڈال رہے تھے، میں اس بندے کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ان کو مشورہ دیا کہ آپ بنی گالہ جائیں اور بنی گالہ کی طرف سے جو یہ خوشخبری ان لوگوں کو ملی ہے، میں جناب منسٹر صاحب کا، آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور یہ یقیناً جتنے بھی اسمبلی میں ممبران بیٹھے ہیں، لیکچررز تو ٹھیک ہے ریگولر ہو گئے لیکن ان میں تمام ممبران نے اپنا Role play کیا ہے اور یہ جس طرح ان کو خوشی ہے، میں ان کو جتنے بھی لوگ گیلری میں بیٹھے ہیں، ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور یہ اسمبلی میں بعض لوگ کہتے ہیں اسمبلی ممبران، اسمبلی میں بیٹھے کیا کام کرتے ہیں، آج اس اسمبلی نے ثابت کر دیا ہے کہ اسمبلیاں اس قسم کے کام کرتی ہیں، (تالیاں) جو آج انہوں نے کر کے دکھایا ہے۔ میں یہاں پہ ان سب حضرات کا جنہوں نے اس میں اپنا Role پیش کیا ہے خاصکر مسٹر سپیکر! آپ کا کیونکہ From very beginning آپ ان کے ساتھ تھے اور میں سب کا شکریہ ادا کروں گا۔ تھینک یو مسٹر سپیکر۔

جناب سپیکر: محمود جان۔

جناب محمود جان: تهینک یو جناب سپیکر صاحب۔ زه د ټولو نه مخکښې د خپل صوبائی حکومت، د ټولو ممبرانو د اپوزیشن، د حکومتی بنچز، د وزیر تعلیم مشتاق غنی صاحب او دا کوم لیکچررز چې اوس دی دوئ ته مبارکباد ورکومه او ستاسو د ټولو شکریه ادا کومه چې دوئ کوم محنت اوکړو، په دیکښې معراج همایون او ما مشترکه دا بل راوړے وو او په دې جدوجهد کښې هغوی سره مونږه ولاړ وو جې په شریکه باندې جی او نن دا بل الحمد لله پاس شو، نو زه د ګیلری د ننه چې کوم ملګری ناست دی، په Lobby کښې ناست دی، په کوم ځائې کښې ټول ناست دی، ټولو ته مبارکباد ورکومه، دا زمونږه د خیبر پختونخوا د

ګورنمنټ یو غټ Achievement دے۔ څنګه چې زمونږه ورور اووئیل چې تاسو څنګه اسمبلئ ته ځئ تاسو څه کوئ، نو نن مونږه ټول چې کوم دلته کښې اپوزیشن والا ناست دی او که دا ټریژری بنچز والا ناست دی، مونږ ټول دا وئیلې شو چې مونږه د عوامو د حقوق د پاره دلته راغلی یو او هغوی له خپل حق ورکوؤ جی۔ تهینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں آج جتنے بھی Beneficiaries ہیں، ان کا جو بل پاس ہوا ہے، ان کو تہہ دل سے اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے مبارکباد پیش کرتی ہوں، یہ ان کی کافی Struggle تھی بہت۔ اس میں انتہائی Genuine لوگ اور میرٹ پر آئے ہوئے لوگ بہت Learned اور Capable لوگ، جس طرح مشتاق غنی صاحب نے کہا کہ ان لوگوں نے اپنی اس پرفارمنس میں مختلف سطح کی ذمہ داریاں بخوبی ادا کیں تو مجھے بہت خوشی ہے، میں آپ کو مبارکباد دینا چاہوں گی مسٹر سپیکر! کہ آپ نے اپنی ذاتی Interest لی اور آج ایک ریگولر دن جس میں زیادہ تر گورنمنٹ بزنس ہوتا ہے، آپ نے اس کو پرائیویٹ ممبرز کے طور پہ اجازت دی کہ ان کا بل لایا جائے اور پھر میں مبارکباد دوں گی محرکین میڈم معراج ہمایون صاحبہ کو، جناب محمود جان صاحب کو، سردار ادریس صاحب کو کہ انہوں نے یہ بل موو کیا۔ پھر میں مبارکباد دینا چاہوں گی اور شکریہ بھی ادا کرنا چاہوں گی ان تمام اپنے آنریبل ممبرز کا جنہوں نے امنڈمنٹس موو کیں لیکن ایک اچھے Cause کیلئے انہوں نے Unanimously ساری امنڈمنٹس Withdraw کیں۔ جناب سپیکر! یہ میں سمجھتی ہوں کہ ایک بہت Genuine ایک ہے جس کیلئے حکومت جو ہے اس کو Accept کر لینا جو بھی Reason ہو جیسا کہ میرے بھائی سردار بابک صاحب نے یا منور خان صاحب نے کہا، میں اس کی ڈیٹیل میں نہیں جاؤں گی لیکن جو بھی Reason ہو پبلک کی جو رائے عامہ ہے، وہ "زبان خلق نقارہ خدا" ہوتی ہے، اس کے سامنے پھر حکومت بھی ہتھیار پھینک دیتی ہے چاہے جس سطح سے بھی وہ آئے۔ میں سمجھتی ہوں مجھے خوشی ہے کہ آج تین اور Bills بھی Introduce ہو گئے اور مجھے یقین ہے ان شاء اللہ وتعالیٰ یہی ہاؤس اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے جو ایمپلائز ہیں Establishment of Monitoring and Evaluation یا پھر جو کہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی جو Capacity Building ہے، ان کے ایمپلائز ہیں یا پھر اس کے بعد Capacity Building Planning and Development اور ساتھ ہی

Pakhtunkhwa Employees of Energy and Power Department کی ریگولرائزیشن کے Bills بھی چونکہ آج Introduce ہوئے ہیں، وہ بھی بہت جلدی اس ہاؤس میں آپ ان کو لائیں گے ایجنڈے پہ اور ان کو بھی ان شاء اللہ تعالیٰ یہ اسمبلی پاس کر کے اپنا فریضہ ادا کرے گی اور جس طرح Unanimity آج اس ہاؤس کی تھی حالانکہ آج ٹریژری بنچز میں میں تعداد کو بہت کم دیکھ رہی ہوں لیکن جس طرح ہم دیکھ رہے ہیں کہ ان کی وجوہ ہیں، کوئی جلسہ ہے آج شاید تو اس کی وجہ سے، لیکن چونکہ اس Cause میں ہم سب اکٹھے ہیں اسلئے اس ہاؤس نے میں یہ سمجھتی ہوں کہ ایک اچھا ثبوت دیا ہے، ایک ان کے ساتھ Solidarity کا مظاہرہ کیا ہے، ان کی جو محنت ہے اس کو انہوں نے Accept کیا ہے اور میں چاہوں گی کہ اب ہمارے جو نئے لیکچررز ہیں وہ اور اپنی تندہی کے ساتھ حل کریں اور جس طرح ایشورنس دی ہے مشتاق غنی صاحب نے کہ ان شاء اللہ ان کی سنیارٹی اور ان کے مسائل پہ یہ مسائل نہیں پیدا ہوں گے تو اس کو بھی بخوبی طریقے سے محکمہ جو ہے وہ حل کرے گا۔ میں ایک مرتبہ پھر ان کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: فخرِ اعظم وزیر صاحب! (مداخلت) آپ اس کے بعد۔ فخرِ اعظم وزیر، اس کے بعد ملک صاحب۔

جناب فخرِ اعظم وزیر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ آپ کی کوششوں سے یہ بل پاس ہو گیا۔ اس میں تمام اراکین اسمبلی کی کوششیں شامل تھیں جو کہ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے ہیں لیکن سپیکر صاحب کا میں شکرگزار ہوں کیونکہ وہ پہلے دن سے اس میں Interested تھے تاکہ یہ بل پاس ہو اور میں ان اراکین اسمبلی کا بھی شکریہ ادا کروں گا جنہوں نے امنڈمنٹس لائی تھیں لیکن اچھے Cause کیلئے انہوں نے اپنی امنڈمنٹس واپس لیں ان کا بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں اور آج اس اسمبلی نے جو ایک تاریخی کام سرانجام دیا ہے تو میں بھی توقع کرتا ہوں کہ آگے بھی ان شاء اللہ اسی نقش قدم پر چلیں گے اور جناب سپیکر صاحب! اور جو Bills ہیں جو آج ہم نے Introduce کروائے ہیں تو میری اس اسمبلی سے یہ استدعا ہے کہ ان کو بھی آپ جلد از جلد پاس کرائیں۔ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ وہ بھی آج ہی پاس ہوتے One go میں کیونکہ جب یہ بل اس پہ ٹائم گزر جاتا ہے تو پھر یہ معاملہ لمبا ہو جاتا ہے لیکن پھر میری استدعا ہے کہ ان کو آپ اسی Next Session میں یا دوسرے سیشن میں اس کو پاس کروائیں کیونکہ وہ بھی ملازمین کا معاملہ ہے تو میں Once again

تمام اراکین اسمبلی کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور یہ توقع کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ Next وہ بھی ان کی طرح ریگولرائز ہو جائیں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ ملک شاہ محمد! شاہ محمد۔۔۔۔۔

<u>محترمہ معراج ہمایون خان:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> اس کے بعد۔

<u>محترمہ معراج ہمایون خان:</u> جناب سپیکر صاحب! دا ما موؤ کړے وو نو پکار دا ده چې زه ئے پیش کړم۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایک منٹ پلیز۔ ملک شاہ محمد، اچھا جی، ملک شاہ محمد صاحب!

<u>جناب شاہ محمد خان (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ ہم آج اس بل کو پاس کرنے پر تمام اپوزیشن اور حکومتی بنچوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ایک بات میں یہاں کرنا چاہتا ہوں چونکہ منسٹر صاحب سیٹ پہ بیٹھا نہیں ہے کہ جو فاٹا کے لیکچررز ہیں ان کو ریگولر نہیں کیا گیا ہے چند ٹیکنیکل اس میں پیچیدگیاں ہیں، میں منسٹر صاحب سے Promise لینا چاہتا ہوں آپ کی وساطت سے اس کرسی سے، کہ وہ بھی ہمارے بچے ہیں، وہ ہمارے بھائی ہیں جو فاٹا کے لیکچررز ہیں، ان کا بھی آج منسٹر صاحب ہمارے ساتھ Promise کریں، آپ کی اس کرسی کی وساطت سے ہم اپیل کرتے ہیں کہ جلد از جلد جو ٹیکنیکل غلطیاں ہیں ان کو دور کیا جائے اور بغیر دھرنے کے اور بغیر اپیلوں کے اور روڈوں پر آنے کے بغیر منسٹر صاحب سے یہ جواب مانگنا چاہتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اس نے آپ سے پہلے بتا دیا ہے، آپ اس وقت نہیں آئے تھے۔

<u>معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ:</u> نہیں، ہم موجود تھے لیکن ہم نے ان کی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اس نے Commit کیا ہے کہ ہم فاٹا کے سب کو کرنا چاہتے ہیں۔

<u>معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ:</u> منسٹر صاحب خود اس کی وضاحت کریں جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔

<u>محترمہ معراج ہمایون خان:</u> جناب سپیکر! میں اس پر فائنل بات کرنا چاہتی ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا یہ اعزاز الملک صاحب بات کر لیں، آپ فائنل میں پھر وائنڈ اپ کریں گی۔ اعزاز الملک صاحب!

جناب اعزاز الملک: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ په دې اهم موقع باندې زه ستاسو شکریه ادا کوم، د پوره ایوان شکریه ادا کوم چې کوم لیکچررز دی، د هغوی هم یو بنیادی مسئله حل شوه او د دې نه مخکښې هم په زرګونو ملازمین په مختلفو شعبو کښې د هغوی مسائل حل شوی دی، زه په هغې باندې هم صوبائی حکومت ته مبارکباد پیش کوم او دا یقین ساتم ان شاء الله چې په مختلفو شعبو کښې ډیر کم کسان پاتې دی، چرته اویا، چرته ایک سو بیس او باقی چې کومې ورځې زمونږ د اسمبلۍ دی، زما دا یقین دے چې ټول سرکاری ملازمین به چې هغه په مختلفو شعبو کښې دی، د هغوی به هم ان شاء الله مشکلات به هم په دې حواله سره حل شی۔ یو اضافی خبره کوم جی چې په دې باندې زه لیکچررز صاحبانو ته هم مبارکباد پیش کوم، ډیپارټمنټ ته هم پیش کوم، د هغوی والدینو ته او پوره قوم ته مبارکباد پیش کوم۔ اضافی خبره دا چې دا سیشن، دا اجلاس زمونږه مازیګر ته رسی او مازیګر د بانګ په ټائم کښې خو یو خاموشی ضروری ده، د هغې جواب ورکول په مونږ باندې لازم دی خو اجتماعی مونځ د پاره که مونږ وقفه کوؤ نو دا به انتهائی ضروری خبره وی او د اجتماعی ګناه نه به بچ شو، نو بیا هم که فرض کړئ مونږ دا سلسله جاری ساتو نو دا به ښه وی۔ بس دا زما درخواست دے۔

جناب سپیکر: *ماشاءاللہ۔ بس میڈم، میں معراج ہمایون کو آخری چانس دیتا ہوں تاکہ پھر آگے اجلاس، اوکے۔ معراج ہمایون!*

محترمہ معراج ہمایون خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: *جی جی، معراج ہمایون!* پلیز۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره مننه سپیکر صاحب۔ ستاسو ډیره ډیره مننه جی، نه صرف د دې د پاره چې نن تاسو دا اجلاس اوکړو او Despite چې هغه نن یو لوئې Event روان دے د پاکستان تحریک انصاف او تاسو بیا هم دا دغه راوستو، دا بل راوستو او مونږه دغه اوکړو او زه مو هم رااوبنکلم بیا د اسلام آباد نه واپس راغلم د دې د پاره او دا ځکه چې ما دا ډیره ضروری ګنړله۔ ایجوکیشن ډیپارټمنټ کښېTension نه دی کول پکار زه ډیره خوشحاله شوم۔ زه ډیر

Appreciate کوم د منسٹر صاحب د آخری سپیچ، میں Appreciate کرتی ہوں کہ مشتاق صاحب نے آخر مان ہی لیا کہ ان لوگوں کی بہت ہی زیادہ Contribution تھی، بہت محنت ان لوگوں نے کی تھی، Qualification wise اور پھر باقاعدہ ٹیسٹ دے کر یہ آئے تھے تو کوئی بات نہیں تھی کہ اگر ان کو ہم جلدی وہ کر لیتے بغیر اتنی جدو جہد کے، اگر ڈیپارٹمنٹ خود Recognize کر لیتا اور Acknowledge کر لیتا اور ان کو ایڈجسٹ کر لیتے Vacant Posts پر۔ ہمارے پاس بہت Vacant Posts ہیں تو پہلے ہمیں Impression نہیں مل رہا تھا کیونکہ زیادہ اپوزیشن آ رہی تھی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے، تو بہت بہت میں شکریہ ادا کرتی ہوں آپ کا، سارے اپنے Colleagues کا کہ جنھوں نے ہم سب کا ساتھ دیا، ہمارے بل کا ساتھ دیا، گورنمنٹ سائڈ کا اور میرے ساتھ جو موؤرز ہیں اور میں آخر میں میں پھر کہتی ہوں کہ ډیرہ ډیرہ مننه جی او مبارکی د ټولو د پاره، دا د ټولو د پاره د خوشحالئ خبره ده۔

<u>جناب سپیکر:</u> ستار صاحب، ستار صاحب، مسلم لیگ کی نمائندگی کریں۔ ستار صاحب!

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> جناب سپیکر! میں بھی اس پر بات کرنا چاہتی ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایک منٹ وہ ستار صاحب بس بات کر لیں گے، ستار صاحب۔ جی جی، ستار صاحب!

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> جناب سپیکر صاحب! میں بات کرنا چاہتی ہوں کیونکہ ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ کر لیں گی آمنہ ؟

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> سر! ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> چلو بس آپ مسلم لیگ نون کا، آمنہ وہ کر لیں۔

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> سر! آپ تو نہیں دے رہے اس پر موقع، سر! یہ مائیک تو میرا آن ہو گیا، یہ دیکھیں سر ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں وہ ریزولیوشن کی بات کر رہی ہیں آپ، اس کے بعد۔

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> شکریہ، بہت شکریہ جناب سپیکر! سب سے پہلے آپ کا اسلئے شکریہ ادا کریں گے کہ آپ نے پرائیویٹ ممبر زڈے نہ ہونے کے باوجود پرائیویٹ بزنس لیا، اس کیلئے ہم خاص طور پر آپ کا شکریہ ادا کریں گے اور ہم چاہیں گے کہ آپ یہ پریکٹس کبھی کبھی کیا کریں تاکہ جو ناراض پرائیویٹ ممبران ہوتے ہیں، وہ بھی آپ سے راضی ہو جایا کریں۔ بہر حال بہت مبارکباد تمام لیکچررز کو اور تمام جو ہمارے

موؤرز لے کر آئے اور امنڈ منٹس جنہوں نے پیش کیں، بہت خوشی ہوئی کہ آخر کار منسٹر صاحب کا دل موم ہو گیا۔ اب خواہش یہ ہے کہ فاٹا والوں کا جب آئے تو ان کا دل بالکل پگھل چکا ہو تو یہ دعا ہے کیونکہ انہوں نے چوتھا سال ہے، وہ بے چارے چکر لگا رہے ہیں اور وہ بہت زیادہ سٹرائیک پہ بھی نہیں ہیں، رمضان کا پورا مہینہ انہوں نے سٹرائیک میں گزارا تو ابھی ہم چاہیں گے کہ وہ اساتذہ سڑکوں پہ نہ ہوں جو ان کی Proper جگہ ہے، اس سوسائٹی کا سب سے اہم اور سب سے قابل احترام حصہ جو ہے وہ ہمارے اساتذہ ہوتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ، میڈم عظمیٰ کیا کہنا چاہتی ہیں، وہ آپ کی نمائندگی تو ہو گئی۔

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ سپیکر صاحب! تمام اپوزیشن ممبران نے حکومتی خالی کرسیوں کو مبارکباد دی ہے، امید ہے آپ ان کو پہنچا دیں گے جو ممبران موجود نہیں ہیں۔ سر! میرا مین پوائنٹ یہ ہے کہ آپ نے سیشن کے شروع میں "Petitions Committee" اور "Panel of Chairmen" اناؤنس کیا تھا، تقریباً ٹوٹل دس ممبرز بنتے تھے اور ان دس میں ایک بھی فیمیل نہیں ہے، اپوزیشن نہ ہو تو کم از کم ٹریژری بنچز کی خاتون ڈالا کریں لیکن Proportion ٹھیک رکھا کریں۔ تھینک یو سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): بہت شکریہ۔ جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ آج اس خوشی کے موقع پہ ہمیں معاف کیا جاتا تو زیادہ بہتر بات تھی کہ ہم سب نے Collectively ایک اچھا کام کیا اپنے ان بھائیوں اور بہنوں کیلئے۔ آپ نے، منور خان صاحب نے اور معراج ہمایون صاحبہ نے جو بات کی کہ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، یہ ڈیپارٹمنٹ شروع دن سے ان ٹیچنگ اسسٹنٹس کو پتہ ہے کہ ہم نے کتنی سمریاں موو کیں، کتنی میٹنگز کیں، ہم نے سیکرٹری لاء، سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ، چیف منسٹر کے ساتھ اور کتنی زیادہ ہم نے کوششیں کیں، ان کیلئے بھی اور فاٹا کے ایڈہاک لیکچررز کیلئے بھی، میرے ساتھ کتنی دفعہ ان کی میٹنگز ہوئیں۔ ہم ہر لمحے، ڈیپارٹمنٹ ان دونوں کٹیگریز کے ساتھ کھڑا رہا، کوئی بھی اگر ہمارا سیکرٹری اگر آیا ہے، ہمارے ڈیپارٹمنٹ میں خوش قسمتی یا بد قسمتی سے سات سیکرٹریز ابھی تک آچکے ہیں، ہر سیکرٹری ان کے ساتھ کھڑا رہا، وجہ یہ تھی کہ منسٹر ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑا رہا اور سپیکر ہمیشہ اس کے پیچھے ہمارے سر پہ کھڑے رہے کہ جو بھی یہ چیزیں ہیں اور یہ ایجوکیشن میں بہت زیادہ پرسنل انٹرسٹ لیتے ہیں

تو ایک ڈیپارٹمنٹ کے پارٹ پہ کوئی قصور کبھی بھی نہیں تھا اور ہم ہی نے Always کوشش کی ہے اس سلسلے میں اور جو فاٹا کی میں نے شاہ محمد خان صاحب وزیر، میں نے اس کی Clarification دی تھی کہ یہ لوگ جو ہیں یہ فاٹا کے ایڈہاک لیکچررز ہیں اور اس پر ہم نے سمری موو کی تھی جو کیبنٹ میں گئی اور کیبنٹ میں آپ بھی اس کے ممبر ہیں، میں تو نہیں تھا، آپ سب نے اس کو Reject کر دیا اور میں جب میں ملک سے باہر گیا ہوا تھا، واپس آیا مجھے پتہ چلا تو میں نے دوبارہ وہ سمری موو کر دی اور اب میں آپ سب سے گزارش کروں گا کہ کیبنٹ میں جب وہ سمری آئے، اس کو دوبارہ Revisit کریں اور ان کا جائز مطالبہ ہے اسے ہم پورا کریں۔ دوسرا ان کا کیس لگا ہوا ہے ہائی کورٹ سے سپریم کورٹ میں چلا گیا ہے، اب تو سپریم کورٹ بھی Definitely ان کے حق میں فیصلہ دے گی اور وہ اگر اس طرف سے نہیں ہوگا تو کورٹ کی طرف سے چونکہ ہائی کورٹ نے Already ان کے Favour میں فیصلہ دیا ہوا ہے تو وہاں سے Decision آجائے گا اور Department is bound to regularize them، تو ان کا اتنا مشکل مجھے نہیں لگتا، مشکل تھا ان کا، ٹیچنگ اسسٹنٹس کا، جو معرکہ آج ہم سب نے سر کر لیا، جب یہ معرکہ سر ہو گیا ہے تو ان شاء اللہ فاٹا کا معرکہ بھی ہم جلد سر کر لیں گے۔ بہت بہت شکریہ آپ سب کا۔

<u>جناب سپیکر:</u> سردار حسین صاحب منزل اس پر دو باتیں کرنا چاہتے ہیں، میں نے تو کہا کہ تھوڑا گورنمنٹ کی بھی ہوتا کہ ایک ڈیبیٹ ہو جائے اس کے اوپر لیکن اگر آپ بات کرنا چاہتے ہیں تو No issue.

<u>جناب سردار حسین:</u> شکریہ، شکریہ، سپیکر صاحب! شکریہ۔ سپیکر صاحب! یہ جو بل مائنز کے حوالے سے پیش ہوا ہے ان شاء اللہ پھر میں ریکویسٹ کروں گا کہ یہ تو سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر ہو جائے، لاء منسٹر صاحب بھی چلے گئے، تمام منسٹرز چلے گئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> میں اسلئے کہتا ہوں کہ ایک تو سردار حسین صاحب! یہ جب۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین:</u> مشتاق غنی صاحب کو تو، مشتاق غنی صاحب کو تو نہیں جانا چاہیئے تھا، وہ تو ایک Spokesperson ہیں حکومت کے، تو Kindly، قلندر لودھی صاحب ہیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> سردار حسین صاحب! ایک منٹ میں چاہتا ہوں کہ اس پر پوری ڈسکشن کریں آپ، آپ پوری ڈسکشن کریں اس پر، لیکن یہ سٹینڈنگ کمیٹی کو تب جائے گا جب Consideration Stage پر چلا جائے۔

جناب سردار حسین: I know, I know لیکن سپیکر صاحب! صرف آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ حکومت یہ جو بل لا رہی ہے، اس میں ایک تو یہ ہے کہ جتنے بھی ہمارے سٹیک ہولڈرز ہیں صوبے کے، میں دو تین منٹ صرف لینا چاہتا ہوں، بڑا Positively، ظاہر ہے معدنیات ہمارے صوبے کی آمدن کا بہت بڑا ذریعہ ہے، بہت بڑا ذریعہ ہے اور ایک زمانے سے ہمارے صوبے کو معدنیات سے، انیسہ بی بی بھی ماشاء اللہ ایکس منسٹر رہی ہیں منرلز کی، یہ جو نیا بل ہے لگ ایسا رہا ہے کہ جو ہمارے صوبے کے اپنے سمال سائز کے جو انویسٹرز ہیں، لگ ایسا رہا ہے کہ ان کے راستے بند ہونے جا رہے ہیں، میں مثال دے سکتا ہوں سپیکر صاحب! کہ Suppose کوئی فرد نئے بل کے مطابق تین Leases سے زیادہ اپنے نام نہیں کر سکتا، اب یہ کیا بات ہوئی، یہ تو کوئی بات ہی نہیں ہے، میں مثال دے سکتا ہوں کہ آپ اس ہاؤس کے آنریبل سپیکر ہیں، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے بھی آپ چیئرمین ہیں، اسی طرح میں ایک سٹینڈنگ کمیٹی کا ممبر ہوں یا کوئی بھی فرد، یعنی انویسٹرز جو ہمارے اپنے صوبے کے ہیں اور یہ میں اسی لئے بالخصوص کہتا ہوں کہ جو ہمارا صوبہ ہے، بد قسمتی سے یہ دہشتگردی کا مارا ہوا صوبہ ہے، دہشتگردی نے ہماری معیشت کو تباہ کیا ہوا ہے، دہشتگردی نے ہماری اقتصاد کو بری طرح متاثر کیا ہے، اسی طرح یہ جو Leases ہوتی ہیں، ان کے ایریاز بھی ہوتے ہیں، یعنی Two hundred Acres سے زیادہ ایک Lease ایک بندہ اپنے نام نہیں کر سکتا، اب یہ کوئی پیداواری زمین تھوڑی ہے، یہ تو مائنز ہیں، یہ تو کئی سو ایکڑ پر محیط ہوتی ہیں، کئی ہزار ایکڑ پر محیط ہوتی ہیں۔ اسی طرح سپیکر صاحب! ڈیپارٹمنٹ کی، میں یہی کہوں گا کہ ڈیپارٹمنٹ کی، میں کیا کہوں ڈیپارٹمنٹ کی کمزوری کی وجہ سے پچاس پرسنٹ ایسے کیسز پڑے ہیں جو لینڈ اونرز اور لیز ہولڈر کے بیچ جو مسائل ہیں، اس کی وجہ سے پڑے ہیں۔ اسی طرح ہمارے صوبے میں Six hundred ایسی درخواستیں ہیں جو Leases کی Renewal اور الاٹمنٹ کیلئے پڑی ہیں اور یہ بھی ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ 2005 ایکٹ کے مطابق Application کی جو فیس تھی وہ 1950 تھی لیکن ابھی بڑھ کر 18000 ہو گئی ہے، 18000۔ اسی طرح Renewal کی جو فیس تھی 2005 کے ایکٹ کے مطابق دس ہزار تھی لیکن اب یہ ایک لاکھ روپے ہو گئی ہے۔ اسی طرح جو رائلٹی ہے یعنی پندرہ روپے فی ٹن وصول کرتے تھے، ابھی ساٹھ تک چلا گئی ہے، تو سپیکر صاحب! یعنی 30 کروڑ روپے تک، 30 کروڑ روپے تک جو لیز ہولڈر ہو گا وہ انویسٹمنٹ کرے گا یا انویسٹمنٹ کریں گے۔ تو ہمارا صوبہ جس طرح میں نے بتایا، آپ کے علم میں بھی ہے، سارے ہاؤس کے علم میں بھی ہے، ہمیں تو اپنے لوگوں کو Encourage کرنا چاہیئے، مراعات ہم

دے نہیں رہے ہیں، ہمارے بینکس جو ہیں وہ لون دے نہیں رہے ہیں، کوئی اور سہولیات ہمارے پاس ہیں ہی نہیں، یعنی جتنے ہمارے لیز ہولڈرز ہیں، انہوں نے اپنی مدد آپ کے تحت وہاں پر ڈیویلپمنٹ کی ہے، وہاں پر روڈز بنائے ہیں، وہاں پر کافی کام کیا ہے۔ تو اسی طرح اتھارٹی کو اس طرح اختیار دینا کہ Suppose آپ کا لیز ہے یا کسی کا لیز ہے اور اس میں دوسری کوئی مائن نکل آئے تو بغیر کسی این او سی کے اتھارٹی وہ جو دوسری مائن ہے، منرل ہے، وہ کسی نئے بندے کو دے سکتا ہے، تو میرے خیال میں اخلاقی طور پر بھی دینی چاہیئے اسی بندے کو جس کی لیز ہو، جو وہ لیز ہولڈر ہے، اگر اس کی لیز میں کوئی دوسری منرل نکل آئے تو یہ بہت بڑی زیادتی ہو گی۔ اسی طرح موجودہ جو ہمارا سسٹم ہے 2005 کا ایکٹ، ہمارے پاس اتنی Capacity ہے کہ ہم 47000 Newcomers کو لیز دے سکتے ہیں، Leases allot کر سکتے ہیں۔ چار سال تک تو کوئی پالیسی نہیں تھی، دیکھا جائے تو یہی نظر آ رہا ہے کہ باہر کے لوگوں کیلئے راہ ہموار کی جا رہی ہے، باہر کے انویسٹرز کیلئے راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ اب ضابطہ تو اس طرح ہوتا ہے کہ اسی فیصلے کے خلاف ہمارے صوبے کی جو آرگنائزیشن ہے، وہ عدالت میں چلا گئی، عدالت نے بھی ان کے حق میں فیصلہ دیا ہے تو میری یہی ریکویسٹ ہو گی، انیسہ بی بی جس طرح کہہ رہی ہیں، میں اس کو Endorse کرتا ہوں کہ Passage Stage پر میں کوشش کروں گا کہ میں حاضر ہوں، اللہ کرے کہ آپ بھی موجود ہوں لیکن یاد ہو کہ یہ جو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں نہیں ہوں گا تو ان شاء اللہ میڈم ہوں گی۔ (قہقہہ)

جناب سردار حسین: یہ چلا جائے سٹینڈنگ کمیٹی میں تاکہ ہم جو لیز اونرز ایسوسی ایشن ہے، ان کو بلائیں، جو ہمارے لیز ہولڈرز ہیں، ان کو بلائیں، جو ہمارے لینڈ اونرز ہیں، ان کو بلائیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کوشش کریں کہ امنڈمنٹ Properly لے کر لائیں۔

جناب سردار حسین: اور تمام سٹیک ہولڈرز بیٹھ کے یہ جو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور میرے خیال میں اچھا ہے اس پر Proper discussion ہو جائے۔ میں ایڈجرن کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، میڈم! کوئیک، میڈیا بھی آگے پیچھے ہو گیا، میرے خیال میں کوئی خاص نہیں رہا۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: خیر ہے سر! یہ چونکہ ریکارڈ کی بات ہے، اصولاً تو یہ اس وقت Take up نہیں کرنا چاہیئے تھا لیکن بابک صاحب تو ہمارے بڑے لاڈلے ممبر ہیں اور ہم ان کی، سارے ہاؤس کی دونوں سائڈ والے بہت قدر کرتے ہیں اور ان کا جو Concern ہے، ٹائم سے پہلے جو Preemptive concern ہوتا ہے، اس کا ہم لحاظ کرتے ہیں، بات انہوں نے ٹھیک کی ہے سر! لیکن چونکہ یہ ایکٹ میں نے خود پاس کروایا تھا اسی ہاؤس سے، تو I was grateful کہ اس وقت سارے ہاؤس نے لحاظ کیا شاید کچھ تھوڑی بہت میری بھی، اور شاید بابک صاحب تھے نہیں، تو بنیادی طور پر یہ ایکٹ پاس ہو چکا ہے اور اس کی جو Reason ہے، ہر ایک جو بھی قانون آیا ہے، اس کے پیچھے ایک ہسٹری ہے، جو ان شاء اللہ جب ٹائم آئے گا ہم ڈیبیٹ کریں گے تو میں یہ بیان کروں گی لیکن جو میرا پوائنٹ ہے، اس میں کوئی ابہام نہیں ہے سر! کہ جب یہ Consideration Stage آئے تو اس کو ایک سلیکٹ کمیٹی میں بلا کے سب کو، اس وقت جو ایکٹ آیا ہے، وہ میں نے نہیں دیکھا ہے کہ اس میں کیا چیلنج آئی ہے، نہ ہی اس کو کورٹ نے Reject کیا ہے۔ یہ بھی میں آپ کو بتاؤں، چونکہ مائنز او نرز ایسو سی ایشن والے کورٹ میں گئے تھے اور انہوں نے رولز کو چیلنج کیا، اس کو ٹیکنیکل بنیاد پر انہوں نے واپس کیا کیونکہ سپریم کورٹ کی ایک رولنگ 12 اگست کو آئی تھی جس میں یہ کہا گیا تھا کہ کوئی بھی آرڈیننس، اس کو بھی کیبنٹ سے Approve کرا کے اسمبلی میں بھیجا جائے۔ 25 جولائی کو یہ آرڈیننس پاس ہوا تھا اس فیصلے سے پہلے اور جب یہ آرڈیننس جب بل بن گیا، یہاں پر ہاؤس نے پاس کیا، اس وقت تک یہ Constitutional provision کے تحت آرڈیننس بھی ایک بل کی شکل ہوتا ہے، اس کیلئے کیبنٹ کی Approval نہیں ہوتی لیکن Anyway جس وقت یہ بات آئی، یہ بات صحیح ہے کہ رولز اس کے بعد بنے تھے اس فیصلے کے، تو جب یہ بات آئی اور یہ آنریبل پشاور ہائی کورٹ کی بنچ کے سامنے آئی تو انہوں نے اس کو کہا کہ یہ دونوں ساٹھ دن کے اندر اندر اس کو پاس کرے۔ شاید یہ میرا خیال ہے 17 یا 18 اگست کو یہ فیصلہ آیا ہے، تو انہوں نے کہا کہ ساٹھ دن کے اندر اس کے سارے فیصلے اس کے تحت جو ہے، اس کو انہوں نے Legal cover دیا اور یہ کہا کہ یہ ہاؤس سے اور کیبنٹ سے پاس کر کے دیا جائے۔ اب یہ ظاہر ہے کہ اس کو چیلنج کریں، سپریم کورٹ فیصلہ کرے لیکن گورنمنٹ نے یہی سمجھا کہ اس کو دوبارہ کیبنٹ سے Approve کر کے پیش کر دیا جائے۔ اب اس کے اندر ہمیں دیکھنا ہے کہ کیا یہ وہی ایکٹ ہے جو اس وقت پاس ہوا تھا یا اب اس میں امنڈمنٹس ہو گئی ہیں؟

یہ بابک صاحب بھی پڑھیں گے اور میں بھی پڑھوں گی، آپ ہمیں اتنا ٹائم دیں کہ ہم اس میں امنڈ منٹس موو کر سکیں، اگر کوئی ایسی ہے اور میرے پاس بھی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ابھی تو ٹائم ہے، وہ تو وہ ہو گیا، بل آپ کے پاس آ گیا ہے، ابھی آپ کے پاس ہے کہ آپ اس کو۔۔۔۔۔

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی</u>: ویسے تو سر! اگر آپ نے Monday کو یہ لگا دیا تو ہمارے پاس تو دو دن بھی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں Monday کو، Monday کو نہیں ہے۔

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی</u>: اچھا تو بس پھر تو ٹھیک ہے سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: بس Monday کو نہیں ہے، باقی ہو جائے گا۔

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی</u>: تو پھر ٹھیک ہے پھر ہم امنڈ منٹس اس میں ڈال دیں گے اور یہ ڈیبیٹ اس ٹائم پر ہو جائے گی۔ بہت شکریہ۔

<u>Mr. Speaker</u>: The sitting is adjourned till 03:00 pm afternoon, 16th October, 2017.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 16 اکتوبر 2017ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)